
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 6 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ • کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے نیچے دیئے گئے سوالات کریں۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیں۔

1) چڑیا گھر کی کیا اہمیت اور افادیت ہے؟
2) بچے اور بڑے چڑیا گھر اتنے شوق سے کیوں جاتے ہیں؟
3) چڑیا گھر کی سیر میں کون سی ایسی بات ہے جو وہ بار بار وہاں جانا چاہتے ہیں؟
4) اگر چڑیا گھر نہیں ہوتے تو کیا ہوتا؟
5) کیا جانوروں کو چڑیا گھر میں رکھنا ان کے ساتھ ظلم ہے یا ان سے دوستی کا اظہار؟
6) کیا چڑیا گھر نمائش گاہ ہے یا جانوروں کو حفاظت سے رکھنے کی جگہ ہے؟

15 منٹ • کتاب کا ٹائٹل پڑھیں اور بچوں کو بھانجا / بھانجی اور بھتیجا / بھتیجی کے رشتے سمجھائیں۔
بچوں کو بتائیں کہ اکثر جانور مختلف خاندانوں میں بٹے ہیں۔ مثلاً: شیر چیتا ٹائیگر سب بلی کے خاندان سے ہیں۔

- بچوں سے کہانی کے ٹائٹل کے بارے میں بات چیت کریں۔ ان کے خیال میں ٹائٹل کا کیا مطلب ہے۔
- کہانی پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ساتھ مشکل الفاظ کے معنی بھی سمجھائیں۔

10 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ بورڈ پر جانوروں کے نام اور ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

| English | اردو | English | اردو |
|---|---|---|---|
| leopard | چیتا | nephew | بھانجا / بھتیجا |
| snow leopard | برفانی چیتا | niece | بھانجی / بھتیجی |
| tiger | شیر | gorilla | بن مانس |
| lion | ببر شیر | langur | لنگور |
| lioness | شیرنی | barasingha | بارہ سنگھا |
| | | markhor | مارخور |

### ہوم ورک

**5 منٹ** • اپنی پسند کے جانور کے بارے میں نیچے بتائی گئی معلومات حاصل کریں اور booklet بنائیں۔ یہ booklet سیشن 6 میں display کی جائے گی۔

1) جانور کا نام۔
2) کہاں پایا جاتا ہے۔
3) کس خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔
4) کیا کھاتا ہے۔
5) کیا یہ کسی کی خوراک بنتا ہے۔
6) اضافی معلومات۔
7) جانور کی تصویر لگائیں یا بنائیں۔

# سیشن 2

**10 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

**30 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ ہم جانوروں سے متعلق کچھ محاوروں پر کام کریں گے۔ مثلا:
مگرمچھ کے آنسو بہانا گھوڑے بیچ کر سونا پیٹ میں چوہے دوڑنا طوطا چشم ہونا

- محاورے بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو ان کا مطلب اور جملوں میں استعمال کرنا سمجھائیں۔ بچوں سے زبانی جملے بنوائیں۔
- جب بچے ہر محاورے کا مطلب اچھی طرح سمجھ لیں تو ان سے کہیں کہ اپنی کوپی میں کسی بھی 3 محاورں کے جملے بنائیں۔

### ہوم ورک

**5 منٹ** • صفحہ نمبر 10 - 8 سے املا کی تیاری کریں۔

# سیشن 3

**10 منٹ** • 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

**20 منٹ** • املا لیں اور املا کی اصلاح کروائیں۔


- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**15 منٹ** • جانوروں اور پرندوں کو پنجروں (cages) میں رکھنے کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں پنجرا کسے کہتے ہیں۔ اس کی انگریزی کیا ہوتی ہے۔ پھر ان سے پوچھیں پنجرے میں جانور کیوں رکھے جاتے ہیں۔ (مثلاً: حفاظت کے لئے، شوق کے لئے) کیا پرندوں اور جانوروں کو اس طرح گھروں میں پنجروں میں رکھنا درست ہے؟

# سیشن 4

**10 منٹ** • بچوں کو بتائیں کہ اس کہانی میں جتنے جانوروں کا ذکر ہے وہ جانوروں کے بڑے خاندان میمل سے تعلق رکھتے ہیں۔ میمل ایسے جانور ہیں جو بچے دیتے ہیں۔ ان کے بچے انڈوں سے نہیں نکلتے۔ مثلاً: بلی، گھوڑا، کتا، گائے، بکری اور بندر وغیرہ سب میمل ہیں۔ نیلی وہیل بھی میمل ہے۔

**35 منٹ** • بورڈ پر نیچے دیا گیا flow chart بنائیں۔ بچوں سے بات چیت کے ذریعے جانورں کے ناموں میں اضافہ کریں۔ بچے یہ flow chart اپنی کوپی میں اتاریں۔



# سیشن 5

20 منٹ • نیچے دیا گیا کام بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں اور خالی جگہ پر کریں۔

**خالی جگہ پر کریں۔**

1) گوریلے کا وزن ____________ اور قد ____________ ہوتا ہے۔

2) چمپینزی ____________ کھانے کا بھی بڑا شوقین ہوتا ہے۔

3) ____________ بندر صرف انڈونیشیا میں پائے جاتے ہیں۔

4) اگر شیر کو ____________ بھر کر گوشت مل جائے تو ______ دن تک گزارہ کر لیتا ہے۔

5) ____________ خشکی کے جانوروں میں سب سے زیادہ تیز دوڑتا ہے۔ اس کی رفتار ______ کلومیٹر فی گھنٹہ ہوتی ہے۔

6) جن شیروں کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں انہیں انگریزی میں ____________ کہتے ہیں۔

7) ____________ کے سینگ سانپ کی طرح بل کھائے ہوئے ہوتے ہیں۔

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کتاب سے دیکھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب اپنی کوپی میں لکھیں:

- گوریلے کی کوئی 3 دلچسپ خصوصیات لکھیں۔
- آئی بکس کس جانور کا جنگلی رشتہ دار ہے اور کن علاقوں میں پایا جاتا ہے؟
- بلی کے خاندان کے کتنے جانوروں کا ذکر کتاب میں ہے اور یہ کہاں پائے جاتے ہیں؟

**ہوم ورک**

5 منٹ • سیشن 1 میں دیا گیا ہوم ورک مکمل کر کے لائیں۔

# سیشن 6

**45 منٹ** • بچوں کی لائی ہوئی booklets کو جانوروں کے مطابق الگ الگ گروپ کر لیں۔

- ہر گروپ کی booklet کو الگ میز پر display کریں۔
- بچوں کو موقع دیں کہ وہ ایک دوسرے کی booklet دیکھیں۔

# چڑیا گھر میں بھانجے بھتیجے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk